فلمستان لمیٹڈ کی بے مثال پیشکش

وطن پرستی اور ملک کیلئے قربانی
جوشیلی کہانی

شہید

V. Good

قیمت
ایک آنہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکارین:۔ کامنی کوشل. دلیپ کمار. چندر موہن. ہیلا چٹنس
رام سنگھ. دی ایچ. ڈیسائی. وغیرہ

گانے

(۱)

بچے:۔
قدم اُٹھا کر رُک نہیں سکتا جو بھارت کا لعل ہے
یہی ہے گاندھی. وہی سُبھاش. وہی جواہر لعل ہے
جے ہند! جے ہند!! جے ہند!!!
مارو مارو یہ دے سکا ہند کے شیر. چاروں طرف سے اسکو گھیر
مارو مارو اِس کی ایسی کی تیسی
ٹوڈی ٹوڈی بچے ہے تیری ایسی کی تیسی
دُنیا بدلی تیری جانے دیسی کی ویسی. تیری ایسی کی تیسی
ہت تیری شیطان کی. ہت تیری بے ایمان کی
ہند میں رہکر کہتا ہے تو بچہ ہو انگلستان کی
لیجا لیجا دُور کہیں یہ صورت بندر جیسی. تیری ایسی کی تیسی
ٹوڈی ٹوڈی بچے رہنے......
پکڑ دو انہیں کے دونوں کان. مار کے ڈنڈے لیلو جان
مارو مارو اِس کی ایسی کی تیسی. ٹوڈی....

سرکاری گاڑی ہیں جنگر کہتا ڈھینچوں رے ڈھینچوں۔ ڈھینچوں
اور کہتا ہے گدھا نہ لاؤ۔ میں ہی گاڑی کھینچوں
بندر ہو اسی ڈھینچوں ڈھینچوں۔ مارو لاتیں اس کی ایسی کی تیسی
ٹوڈی ٹوڈی ....
پکڑو اس کے سر کے بال۔ کھینچ کے رکھدو اس کی کھال
مارو مارو اس کی ایسی کی تیسی
ٹوڈی ٹوڈی بچے رے .....

او بھارت کے بالکو گاؤ بندے ماترم
تم ہند کے ہو دنیا کو سناؤ بندے ماترم
جاگ اٹھیں وہ آزادی کی گھڑیاں پہلے جیسی
ہاں یہ گھڑیاں پہلے جیسی
بولو جے ہند! بولو جے ہند!

نمبر ۔

شیلا:۔
بچپن کی یاد دھیرے دھیرے پیار بن گئی
آ دیکھ اک پھلواری اب گلزار بن گئی
دل میں محبت آئی جوانی کے ساتھ ساتھ
میرے دل کی نگری پیار کا سنسار بن گئی
بچپن جوانی بن گیا ہے انتظار میں

پہلے جو سادگی تھی وہ سنگار بن گئی
ہم نے جِسے چھپایا تھا۔ دُنیا سے بار بار
وہ بات آ کے ہونٹوں پہ اقرار بن گئی

شیلا:۔ نمبر ۳

تقدیر کی آندھی ایسی چلی۔ کشتی سے کنارا چھوٹ گیا
اِک تیرا سہارا دِلکو تھا۔ اب وہ بھی سہارا ٹوٹ گیا
اُجڑا اُمیدوں کا چمن۔ ہائے ہم کہاں اور تم کہاں
ارماں تڑپتے رہ گئے ہائے ہم کہاں اور تم کہاں
دو دِل بچھڑ کر رہ گئے۔ صدموں پہ صدمے سہہ گئے
کیسے مِلوں تم سے سجن۔ ہائے ہم کہاں اور تم کہاں
ہائے وہ مُلاقاتیں گئیں۔ وہ پیار کی باتیں گئیں
آنکھوں میں آنسو رہ گئے۔ وہ پیار کی باتیں گئیں
رو رو پکارے تم کو من ہائے ہم کہاں اور تم کہاں
دُکھ اپنا میں کِس سے کہوں۔ دِن رات میں روتی رہوں
آ ساجنا۔ ہائے ساجنا

رام اور اُسکے ساتھی:۔ نمبر ۴

وطن کی راہ میں وطن کے نوجوان شہید ہو
پکار رہے ہیں یہ زمیں و آسمان شہید ہو

شہید تیری موت ہی تیرے وطن کی زندگی
تیرے لہو سے جاگ اٹھے گی اس چمن کی زندگی
کھلیں گے پھول اس جگہ پہ تو جہاں شہید ہو
وطن کی راہ میں ......

غلام رشید۔ وطن کے دشمنوں سے انتقام لے
ان اپنے دونوں بازوؤں سے خنجروں کا کام لے
چمن کیواسطے چمن کے باغباں شہید ہو۔ وطن کی راہ میں ......
پہاڑ تک بھی کانپنے لگیں تیرے جنون سے
تجھے آسمان پہ انقلاب لکھ اپنے خون سے
زمیں نہیں تیرا وطن ہے آسماں شہید ہو۔ وطن کی ......

نمبر ۵

شیلا:۔
آنا ہے تو آجاؤ۔ گر اب بھی نہ آؤ گے
ہم تم کو نہ پائیں گے تم ہمکو نہ پاؤ گے
یہ ظلم ہی کیا کم ہے۔ تم پاس نہیں میرے
کیا یہ بھی ستم ہوگا۔ تم بھول بھی جاؤ گے
قسم اس کی کھا لو۔ بھولو گے نہ تم ہمکو
یا اس کا کرو وعدہ اب یاد نہ آؤ گے

(۶)

شیلا:۔

آجا بیدردی بالما۔ کرئی رو رو پکارے
میں تو بے بس رہوں بالما میرا دل نہ بہلے
میری دنیا بس کے اجڑ گئی۔ اجڑ گئی
بلبل تھی میں پھول سے بچھڑ گئی۔ بچھڑ گئی
تقدیر نے لوٹ لئے ارمان ہمارے۔ میں تو.....

برباد ہوں میں، برباد ہے دل۔ او جانے والے پھر آ مل
میرے دل کی بجھ جائے گی۔ پھر آ مل
ہیں ترس گئے تیری ایک جھلک کو نین بیچارے۔ میں تو...
میں تو دو دن کی مہمان پیا۔ مجھے چھوڑ چلے ہیں پران پیا۔ پران پیا
آیا غم کا ایک طوفان پیا۔ پران پیا۔
ہائے دیپک بن کر کانپ رہے ہیں پران ہمارے۔ میں تو.....

شیلا

(۷)

برباد نہ ہو جائے محبت کا فسانہ
اور درد بھرے آنسوؤ آنکھوں میں نہ آنا
دنیا میں محبت کی یہی ریت ہے اے دل
جل جانا مگر ہونٹوں پہ فریاد نہ لانا
کہہ دے نہ کہیں آنکھ میرے دل کی کہانی
اے دل تیری دھڑکن کہیں سن لے نہ زمانہ

اے جانِ محبت یہی بس میری دعا ہے

ہو جائے تیرے ساتھ میری جان بھی روانہ

برباد نہ ہو جائے محبت کا فسانہ......

نمبر ۸

کورس :-

وطن کی راہ میں وطن کے نوجواں شہید ہو

پکارتے ہیں یہ زمیں و آسماں شہید ہو

وطن کی لاج جس کو تھی عزیز اپنی جان سے

وہ نوجوان جا رہا ہے آج کتنی شان سے

اس پاک زمیں پر ہر اک جواں شہید ہو

وطن کی راہ میں......

ہے کون خوش نصیب ماں جس کا یہ چراغ ہے

وہ خوش نصیب ہے کہاں یہ جس کے گھر کا تاج ہے

امر وہ دیش کیوں نہ ہو کہ تو جہاں شہید ہو

وطن کی راہ میں.....

شہید تیری موت ہی تیرے وطن کی زندگی

تیرے لہو سے جاگ اٹھے گی اس چمن کی زندگی

کھلیں گے پھول اس جگہ پہ تو جہاں شہید ہو. وطن کی..

(ختم شد)

سینما سنگیت

[illegible]
زائد دلکش گانے درج کئے ہیں۔ جنہیں تقریباً ۲۵۰
بہترین فلموں میں سے چُنا ہے۔ جنکو اشوک کمار۔ موتیا دیوی
دیوکا رانی۔ کانن بالا۔ ماسٹر سہگل۔ پہاڑی سانیال۔ گجن۔
اور ایسے ہی بہت سے مشہور ایکٹروں و ایکٹریسوں نے گایا
ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سُننے سے انسان تڑپ جاتا ہے
اور اپنے آپکو بھول جاتا ہے۔ ہارمونیم پر گانے سے تو ان
گانوں کے لطف کی کوئی حد نہیں رہتی۔ اگر آپ کو فلمی گانوں
کے پڑھنے و سُننے کا ذرا بھی شوق ہے تو آج ہی ہماری
اس نایاب کتاب کو منگائیے۔

قیمت بمعہ محصولڈاک صرف عہ/

ملنے کا پتہ:-

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی